CS (Main) Exam,2021

اردو

پرچہ—I

(ادب)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے	کل مارکس : 250

سوالات سے متعلق خصوصی ہدایات

برائے مہربانی ذیل کی ہر ہدایت کو ، جواب لکھنے سے پہلے توجہ سے پڑھ لیں

اس پرچے میں آٹھ سوالات پوچھے جا رہے ہیں۔ ہر سوال دو حصوں میں تقسیم ہے۔

امیدوار کو کُل پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔

سوال نمبر **1** اور **5** لازمی ہیں اور باقی سوالات میں سے تین (3) کا جواب لکھنا ہے مگر ہر حصہ سے کم از کم ایک ایک سوال کرنا ضروری ہے۔

ہر سوال یا سوال کے حصہ کے نمبر اس کے سامنے درج کر دیے گئے ہیں۔

جواب ہر صورت میں اردو میں ہی لکھے جائیں گے۔

اگر کسی سوال کے جواب کے لیے الفاظ کی تعداد کی شرط لگا دی گئی تو اس کی پابندی لازمی ہے۔

سوالات کے جوابات کو ترتیب وار اہمیت دی جائے گی۔ شرط یہ ہے کہ کوئی جواب کاٹ کر مسترد نہ کر دیا گیا ہو ، اگر کسی سوال کا کوئی حصہ بھی جواب کے لیے منتخب کیا گیا ہے تو اسے سوال کا جواب ہی تصور کیا جائے گا۔

اگر کسی صفحہ یا صفحے کے کسی حصے کو خالی چھوڑنا مقصود ہے تو اسے صفائی کے ساتھ کاٹ کر مسترد کرنا ضروری ہے۔

URDU

PAPER—I

(LITERATURE)

Time Allowed : Three Hours	Maximum Marks : 250

QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS

Please read each of the following instructions carefully before attempting questions

There are EIGHT questions divided in two Sections.

Candidate has to attempt FIVE questions in all.

Question Nos. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, THREE are to be attempted choosing at least ONE question from each Section.

The number of marks carried by a question/part is indicated against it.

Answers must be written in URDU (Urdu script).

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in sequential order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly. Any page or portion of the page left blank in the Question-cum-Answer Booklet must be clearly struck off.

Optional Province · optionalprovince.com

SECTION—A

1۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے :

10×5=50

(a) لسانی اعتبار سے قدیم ہند آریائی زبانوں کی تقسیم کی بنیادیں کیا ہیں؟ اس کے ارتقائی مراحل پر مثالیں دے کر اظہار خیال کیجئے۔

(b) عہدِ وسطیٰ کی ہند آریائی زبانوں کی درجہ بندی کیجئے۔ اہم زبانوں کی نشاندہی کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار مثالوں کے ساتھ کیجئے۔

(c) جدید ہند آریائی زبانوں میں صوتیاتی اختلافات کا جغرافیائی نظریئے سے مثالیں دے کر وضاحت کیجئے۔

(d) اردو حروف تہجی کے ارتقائی مراحل اور موجودہ دور میں مروجہ درجہ بندی بیان کیجئے۔

(e) جدید ہند آریائی زبانوں کی درجہ بندی کرتے ہوئے اس کے تہذیبی پہلوؤں پر روشنی ڈالئے۔

2۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) پروفیسر احتشام حسین نے جان بیم کی کتاب ''ہندوستانی لسانیات'' کا خاکہ کا ترجمہ کرتے ہوئے کن ارتقائی پہلوؤں پر زور دیا ہے؟ اظہار خیال کیجئے۔ 20

(b) شمالی ہند میں مروجہ بولیاں اور اردو کے آپسی رشتوں اور اردو ارتقاء و فروغ میں ان کے اثرات پر مفصل بحث مثالوں کے ساتھ کیجئے۔ 15

(c) اردو زبان کے ارتقائی مراحل پر مختلف نظریات بالخصوص مسعود حسین خان اور شوکت سبزواری سے آپ کہاں تک متفق ہیں اور کیوں؟ بحث کیجئے۔ 15

Optional Province · optionalprovince.com

3۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) ''دکنی اردو کے ارتقاء میں صوفیائے کرام کے اقوال و ملفوظات کا خاص اثر رہا ہے۔'' اس قول پر مثالیں دے کر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ 20

(b) ''لسانی اور تہذیبی اعتبار سے قلی قطب شاہ کی شاعری دکن میں اردو کے ارتقاء و فروغ کی تصویر ہے۔'' مثالوں کے ساتھ بحث کیجئے۔ 15

(c) دکنی اردو اور شمالی ہند کی اردو کے مابین لسانی ، صرفی و نحوی اور صوتی فرق کو مثالیں دے کر وضاحت کیجئے۔ 15

4۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) سماجی اور ثقافتی عوامل کی روشنی میں اردو زبان کے ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔ 20

(b) قواعدی صوتی آہنگ کی روشنی میں اردو اور ہندی کے رشتوں پر اظہار خیال کیجئے۔ 15

(c) اردو صرف و نحو اور ذخیرۂ الفاظ کی روشنی میں اردو زبان کی بنیادی خصوصیات بیان کیجئے۔ 15

SECTION—B

5۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے۔
10×5=50

(a) ''اردو مرثیے کا آغاز دکن سے اور عروج اودھ میں ہوا۔'' اس قول کی روشنی میں اپنی رائے کا اظہار کیجئے۔ مثالیں بھی دیجئے۔

(b) اردو غزل کے ارتقائی مراحل اور اس کی مقبولیت کے اسباب بیان کیجئے۔

Optional Province · optionalprovince.com

(c) ''اردو میں قصیدہ نگاری فارسی قصیدہ گوئی کا تسلسل ہے ، ذوق اور غالب دونوں اس امر کی اہم مثال ہیں''۔ وضاحت کیجئے۔

(d) ''ناول کا ارتقاء صنعتی انقلاب کے تحت ہوا'' اس قول کی روشنی میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(e) ''گذشتہ صدی میں اردو ڈرامہ نگاری'' کی روشنی میں مشہور ڈرامہ نگاروں کی تخلیقات کا مختصر جائزہ پیش کیجئے۔

6۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) 1936 میں لکھنؤ میں ترقی پسند ادبی تحریک کی پہلی کانفرنس میں پریم چند کے خطبۂ صدارت کے بنیادی پہلوؤں پر روشنی ڈالئے۔ 20

(b) دہلی کالج کی علمی و ادبی خدمات بالخصوص سائنسی اردو ادب کا جائزہ پیش کیجئے۔ 15

(c) ترقی پسند ادبی تحریک میں منعکس مارکسی اثرات پر مضمون لکھئے۔ 15

7۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) ''اردو میں شعری تنقید اور حالی کا مقدمۂ شعر و شاعری ، ایک اہم ادبی معیار سازی کا آغاز ہے۔'' اس موضوع پر مثالوں کے ساتھ تبصرہ کیجئے۔ 20

(b) شبلی کے تنقیدی اصولوں کی روشنی میں تاثراتی تنقید پر اظہار خیال کیجئے۔ 15

(c) کلیم الدین احمد کے بقول ''غزل نیم وحشی صنف سخن ہے۔'' ان کی تنقید نگاری پر ناقدانہ تبصرہ کیجئے۔ 15

8۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) ''کووڈ-۱۹ کی وباء اور بدلتے ہوئے سماجی رشتے'' کے عنوان پر ایک مضمون لکھئے۔ 20

(b) ''جدید سائنسی ایجادات فکر انسانی کا ارتقاء ہے۔'' اس عنوان کے تحت ایک مضمون قلمبند کیجئے۔ 15

(c) ''ما قبل از تقسیم ہند کی اردو ناول نگاری میں ہندوستانی معاشرہ'' پر مضمون لکھئے۔ 15

★★★

Optional Province · optionalprovince.com